# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 19 August-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۹/اگست ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم بند نہیں کی جائے گی: وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کی یقین دہانی۔

☆ ستارا ضلعے میں ریاست کے اوّلین سولار گاؤں کی وزیراعلی کے ہاتھوں نقاب کشائی۔

☆ شہریت ترمیمی قانون کے تحت 188 ہندو پناہ گزینوں کو مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کے ہاتھوں شہریت کے صداقت نامے تقسیم۔

اور۔۔۔☆ ریاستی حکومت کے مراٹھی فلم ایوارڈز آئندہ 21 اگست کو تقسیم کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

## اب خبریں تفصیل سے:

وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم ختم نہیں جائے گی، ریاست کی خواتین کیلئے یہ اسکیم مائیکے کا تحفہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے کیا ہے۔ کل ستارا ضلع کے پاٹن میں خواتین کو بااختیار بنانے سے متعلق ایک پروگرام سے وزیراعلیٰ شندے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت خواتین کو صرف ماہانہ ڈیڑھ ہزار روپئے دینے پر اکتفا نہیں کرنا چاہتی' بلکہ مختلف اسکیمات کے ذریعے خواتین کو بااختیار، مستحکم اور خود کفیل بنانا چاہتی ہے۔

وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ مہاراشٹر کی خواتین کو اب کسی کے آگے ہاتھ پھیلانے کی ضرورت نہیں پڑے گی، کیونکہ ان کے تین بھائی انہیں خود کفیل بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کچھ لوگ اس اسکیم کی مخالفت میں عدالت گئے ہیں، لہٰذا وزیرِاعلیٰ نے خواتین سے اسکیم کی مخالفت کرنے والے لوگوں کو جواب دینے کی اپیل بھی کی۔

***** ***** *****

نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل ممبئی بی جے پی کی جانب سے منعقدہ ایک پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقعے پر انھوں نے ٹیلی کانفرنسنگ سسٹم کے ذریعے مختلف اضلاع کی مستفید ہونے والی خواتین سے بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ ترقی پذیر بھارت کیلئے خواتین کو بااختیار بنانے کے مقصد سے حکومت نے لاڈلی بہن اسکیم متعارف کرائی ہے۔

***** ***** *****

ستارا ضلعے کے پاٹن تعلقے کے موضع مانیاچی واڑی میں ریاست کے پہلے شمسی توانائی گاؤں کی کل وزیراعلیٰ کے ہاتھوں رونمائی عمل میں آئی۔ اس گاؤں میں مہاوترن کی جانب سے صدفیصد شمسی توانائی کا کام کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ، وزیراعلیٰ شمسی زرعی توانائی اسکیم، شمسی زرعی پمپ اسکیم، پردھان منتری سوریہ گھر مفت بجلی اسکیم جیسے مفت بجلی فراہمی کے منصوبوں پر موثر طریقے سے عمل درآمد کر کے ریاستی حکومت کسانوں اور گھریلو بجلی صارفین کو بڑی مالی راحت فراہم کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کی شیوسوراجیہ یاترا کل جالنہ ضلعے کے گھن ساونگی میں پہنچی۔ اس موقعے پر پارٹی کے ریاستی صدر جینت پاٹل نے بتایا کہ ہم ریاست میں عام لوگوں کے اہم مسائل کے بارے میں بیداری پیدا کرنا چاہتے ہیں اور ایک بار پھر اس شیو سوراجیہ یاترا کی معرفت مستقبل سے متعلق لوگوں میں اعتماد پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے بے روزگاری اور مہنگائی کے موضوعات پر ریاستی حکومت کو تنقید کا نشانہ بھی بنایا۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ پڑوسی ممالک سے بھارت آنے والے ہندوؤں اور دیگر اقلیتوں کی تین نسلیں، حصولِ انصاف کیلئے جدوجہد کرتی رہیں اور مودی حکومت نے انھیں انصاف فراہم کرنے کا کام کیا ہے۔ وزیرِ داخلہ شاہ کل احمد آباد میں بھارت آنے والے 188 پناہ گزینوں کو شہریت ترمیمی قانون کے تحت شہریت کے صداقت نامے دینے کے پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ شاہ نے واضح کیا کہ شہریت ترمیمی قانون کسی کو شہریت سے محروم کرنے والا قانون نہیں، بلکہ لوگوں کو شہریت دینے والا قانون ہے۔

***** ***** *****

مرکزی ماہی پروری، افزائشِ مویشیان اور ڈیری ترقی کے وزیر راجیو رنجن سنگھ نے 2030 تک ملک میں پالتو جانوروں کے منہ اور کھروں پر ہونے والی بیماریوں سے نجات دلانے کیلئے ٹیکہ اندازی اور دیگر اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے ایک اجلاس منعقد کیا۔ اس اسکیم کے تحت کئے گئے سروے میں مہاراشٹر سمیت کرناٹک، تمل ناڈو، آندھرا پردیش، تلنگانہ، اتراکھنڈ اور پنجاب ریاستوں کو ایف ایم ڈی سے پاک بنانے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

امریکہ کی ایک عدالت نے 26/11 کے ممبئی دہشت گردانہ حملے کے مشکوک ملزم تہور رانا کو بھارت کے حوالے کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ بھارت اور امریکہ میں حوالگی سے متعلق معاہدے کے تحت رانا کو بھارت کو سونپنے کی اجازت دینا ممکن ہونے کی وضاحت امریکی عدالت نے کی ہے۔ رانا نے اُسے بھارت بھیجنے کے اقدامات کے خلاف عدالت سے رجوع کیا تھا۔ فی الحال وہ اسی مقدمے میں لاس اینجلس کی جیل میں محروس ہیں۔ تہور رانا پر لشکر طیبہ کے دہشت گرد ڈیوڈ ہیڈلی اور پاکستان کی خفیہ ایجنسی آئی ایس آئی سے تعلق رکھنے کا بھی الزام ہے۔

***** ***** *****

بہن اور بھائی کے اٹوٹ اور مخلص رشتے کی یاد دلانے والا راکھی پورنیما کا تہوار آج منایا جارہا ہے۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو نے شہریوں کو راکھی کے تہوار کی مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ یہ بھائی اور بہن کے انوکھے ناطے کا تہوار ہے اور اس سے محبت اور اعتماد کا رشتہ مزید مضبوط و مستحکم ہوتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ تہوار مذہبی اور ثقافتی حدود کو پھلانگ کر بھائی چارہ اور یکجہتی کا پیغام دیتا ہے اور خواتین کے حقوق کے تحفظ کے تئیں ہمارے عزم کو تقویت بخشتا ہے۔

راکھی تہوار کی مناسبت سے پال گھر ضلعے کے وکرم گڑھ تعلقہ کی خواتین کی طرف سے تیار کردہ ماحول دوست راکھیاں ملک کی سرحد پر تعینات فوجیوں کے ہاتھوں پر دکھائی دیں گی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی محکمہ زراعت کی جانب سے آئندہ 21 اگست سے بیڑ ضلعے کے پرلی ویجناتھ میں پانچ روزہ ریاستی سطح کے زرعی میلے کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ وزیر زراعت دھننجے منڈے نے کل اس زرعی میلے کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس میلے میں ریاستی سطح کی زرعی نمائش، مویشیوں کی نمائش کے ساتھ ساتھ ریاست بھر کے کسانوں کی رہنمائی پر مبنی سرگرمیاں کی جائیں گی۔ مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان، وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزیر اعلی دیویندر پھڑنویس، نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کی موجودگی میں اس میلے کا افتتاح عمل میں آئے گا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے مراٹھی فلم ایوارڈس تقریب اس مرتبہ ممبئی میں آئندہ 21 اگست کو منعقد ہوگی۔ وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں و نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس و اجیت پوار کی خصوصی موجودگی میں مراٹھی فلم ایوارڈز تفویض کیے جائیں گے۔ اس پروگرام میں 58 اور 59 واں ریاستی مراٹھی فلم ایوارڈ ایک ہی وقت میں دیا جائے گا' ساتھ ہی سال 2023 کا وی شانتارام لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ' راج کپور لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ اور ملکۂ ترنم لتا منگیشکر ایوارڈس بھی اس موقعے پر دیئے جائیں گے۔

***** ***** *****

سینئر ادیب گووند تکارام یعنی' گو۔ تو پاٹل گذشتہ روز ناسک میں انتقال کر گئے۔ وہ 81 برس کے تھے۔ انھوں نے کالم نگاری' ادارت' بچوں کی تحریریں' سنتوں کی زندگی جیسے موضوعات پر اپنی تحریری خدمات انجام دیں۔ وہ انوشٹوبھ نامی رسالے کے مدیر تھے۔ ان کی سوانح عمری ''اول انتر یچی'' کو حکومت مہاراشٹر کی طرف سے بہترین مراٹھی ادب کے لکشمی بائی تلک ایوارڈ سے بھی نوازا گیا تھا۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے میں وزیرِ اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت دو لاکھ 90 ہزار 871 خواتین کے درخواست فارم منظور کیے جا چکے ہیں۔ ضلع کلکٹر ڈاکٹر شری کرشن پانچاڑ نے کل یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ زیرِ التوا درخواستوں کو پُر کرنے میں کی گئیں غلطیوں کو درست کرنے کے بعد ان سے متعلق کوئی فیصلہ کیا جائے گا۔

***** ***** *****

پسماندگی کمیشن کے سابق رُکن اور او بی سی ریزرویشن کے تحفظ کیلئے احتجاج کرنے والے لکشمن ہاکے نے کہا ہے کہ مراٹھا برادری کی جانب سے ریاست میں شروع کردہ ریزرویشن کی تحریک دراصل غلبے کی لڑائی ہے۔ ناندیڑ ضلعے کے بھوکر میں کل او بی سی ریزرویشن بچاؤ پروگرام سے وہ خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ 2004 میں بانٹیا کمیشن نے ریاست میں او بی سی کی آبادی کم ہونے کی رپورٹ پیش کی' یہ رپورٹ کس بنیاد پر دی گئی اس کے حقائق کا پتہ لگانے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ او بی سی طبقات کو اپنے حق کیلئے اب لڑنے کی ضرورت ہے۔ اس پروگرام سے قبل عمری چوک سے روایتی ملبوسات میں ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی۔

***** ***** *****

عالمی فوٹوگرافی دِن کے موقع پر کلرس آف چھترپتی سمبھاجی نگر نامی مصوری گروپ کی جانب سے آج شہر کے سدھارتھ گارڈن چڑیا گھر میں تصویری نمائش کا اہتمام کیا گیا ہے۔ صبح سات تا دس بجے کے درمیان یہ نمائش سب کیلئے کھلی رہنے کی اطلاع منتظمین نے دی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

## آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم بندنہیں کی جائے گی: وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کی یقین دہانی۔

☆ ستارا ضلعے میں ریاست کے اوّلین سولار گاؤں کی وزیراعلی کے ہاتھوں نقاب کشائی۔

☆ شہریت ترمیمی قانون کے تحت 188 ہندو پناہ گزینوں کو مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کے ہاتھوں شہریت کے صداقت نامے تقسیم۔

اور۔۔۔☆ ریاستی حکومت کے مراٹھی فلم ایوارڈز آئندہ 21 اگست کو تقسیم کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****